مطبوعات

A GUIDE TO ISLAMIC MOVEMENT

تحریکِ اسلامی کا تعارف

تالیف : جناب پروفیسر غلام اعظم صاحب ۔
شائع کردہ : اعظمی پبلی کیشنز ۔ ماہا بازار ڈھاکہ ۔
قیمت سوا تین روپے ۔ صفحات : ۹۶

پروفیسر غلام اعظم صاحب نے اس مختصر سی کتاب میں جماعت اسلامی کے قریب قریب سارے پہلوؤں کا بڑی عمدگی سے احاطہ کیا ہے ۔ جو فرد بھی تحریک اسلامی کے مقاصد، طریق کار، ملک کے داخلی اور خارجی معاملات کے متعلق اس کے نظریات اور طرزِ عمل کو جاننا چاہتا ہے وہ اس سے نہایت مفید معلومات حاصل کر سکتا ہے ۔ زبان شگفتہ اور اندازِ بیان حکیمانہ ہے ۔

جادہ و منزل | تالیف : سیّد قطب شہید ۔ مترجم : جناب خلیل احمد حامدی صاحب ۔ شائع کردہ : اسلامک پبلی کیشنز لمٹیڈ، شاہ عالم گیٹ، لاہور ۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن چھ روپے ۔ سستا ایڈیشن ۴ روپے ۔ صفحات ۴۳۶ ۔

زیر تبصرہ کتاب فاضل مصنّف علیہ الرحمۃ کی آخری تصنیف معالم فی الطریق کا اردو ترجمہ ہے ۔ اس کتاب سے سیّد مرحوم و مغفور کے علم کی وسعت اور ان کے جذبۂ ایمانی کا پتہ چلتا ہے ۔ اور ایک قاری یوں محسوس کرتا ہے کہ ایک صاحبِ ایمان شخص نہ صرف اسلامی تعلیمات سے اچھی طرح واقف ہے بلکہ انہیں عملی زندگی میں اپنانے کے لیے بھی اپنے اندر ایک زبردست جوش اور ولولہ رکھتا ہے اور اُسے اس بات کا یقین ہے کہ انسانیت کی فلاح کا راز انہیں اپنانے ہی میں مضمر ہے ۔ جناب خلیل حامدی صاحب اس ملک میں عربی اور اُردو کے نامور ادیب ہیں اور انہوں نے اس کتاب کو اُردو کے سانچے میں اس محنت اور عمدگی کے ساتھ